# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اردو)

**وارننگ**

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:

1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالبعلم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔

2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی ''مواد چوری'' کی Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: (تاریخ ادبِ اردو۔۲)5602 سمسٹر: خزاں2026ء

سطح: ایم اے (اردو)

(ہدایت نامہ برائے طلبہ)

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔(ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔
3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔
6۔ آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

## امتحانی مشق نمبر ا

(یونٹ نمبر: 1 تا4)

| | |
|---|---|
| سوال نمبر ا۔ مثنوی کی تعریف کریں۔ نیز عادل شاہی دور کے اہم مثنوی نگاروں کے بارے میں تفصیل سے لکھیں۔ | 20 |
| سوال نمبر ۲۔ ولی دکنی کے سوانح اور اس کی شاعری کے اسلوب کا جائزہ لیں۔ | 20 |
| سوال نمبر ۳۔ اردو شاعری میں ایہام گوئی کی تحریک کا تعارف پیش کریں نیز بتائیں کہ اس کے خلاف ردِ عمل کیوں آیا؟ | 20 |
| سوال نمبر ۴۔ شمالی ہند میں اردو غزل اپنے عروج کو پہنچتی ہے۔ اس دور کی غزل پر جامع مضمون تحریر کریں۔ | 20 |
| سوال نمبر ۵۔ میر تقی میر کی شاعری کی خصوصیات مثالوں کی مدد سے واضح کریں۔ | 20 |

# امتحانی مشق نمبر۲

(یونٹ نمبر: 5تا9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 40

سوال نمبر۱۔ لکھنوی شاعری کا مخصوص رنگِ سخن کیا ہے؟ کیا غلام ہمدانی مصحفی اور خواجہ حیدر علی آتش کی شاعری میں یہ رنگ نمایاں ہے؟ وضاحت کریں۔ 20

سوال نمبر۲۔ اردو میں مثنوی نگاری، مثنوی سحرالبیان اور مثنوی گلزارِ نسیم کے بارے میں اجمالاً بتائیں۔ 20

سوال نمبر۳۔ اردو میں نثر کے ابتدائی نمونوں کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ ''سب رس'' اور ''کربل کتھا'' پر تفصیل سے لکھیں۔ 20

سوال نمبر۴۔ اردو زبان و ادب کی ترقی میں اداروں نے بھی اہم کردار ادا کیا۔ اس ضمن میں دہلی کالج اور انجمن ترقی اردو کے کردار پر روشنی ڈالیں۔ 20

سوال نمبر۵۔ ترقی پسند تحریک نے اردو ادب کو کس طرح ثروت مند بنایا؟ وضاحت کریں۔ 20